اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2018ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے:

1-1- مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا:

(a) 1906ء ✓ (b) 1908ء

(c) 1910ء (d) 1947ء

2- محنت پسند خردمند کو کس کا شاگرد بتایا گیا؟

(a) کمال کا ✓ (b) محنت کا

(c) ہنر کا (d) غرور کا

3- ڈرامہ "دستک" میں بیگم زیدی کی عمر ہے:

(a) پنتالیس سال (b) پچاس سال ✓

(c) پچپن سال (d) ستاون سال

4- مولانا ظفر علی خاں عام طور پر کتنی دیر میں نظم مکمل کر لیا کرتے تھے؟

(a) دو گھنٹے میں (b) ڈیڑھ گھنٹے میں

(c) ایک گھنٹے میں (d) آدھ گھنٹے میں ✓

5- جن نے تبرک کے طور پر اکبری کو مفت دی:

(a) یاقوت کی انگوٹھی (b) فیروزے کی انگوٹھی ✓

(c) سونے کی انگوٹھی (d) موتیوں کی چوڑی

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

6- وہ صرف جھوٹا ہی نہیں ____ چور بھی ہے:

(a) لیکن
(b) بلکہ ✓
(c) کیونکہ
(d) چونکہ

7- "ادبی دنیا" بند ہو ____:

(a) چکے ہیں
(b) چکا ہے ✓
(c) چکی ہے
(d) چکے ہوئے ہیں

8- میاں بیوی ہنسی خوشی ____:

(a) رہتی ہے
(b) رہتا ہے
(c) رہتے ہیں ✓
(d) رہتی تھی

9- اگرچہ وہ غریب ہے ____ دیانت دار ہے:

(a) البتہ
(b) جبکہ
(c) تاکہ
(d) لیکن ✓

10- ہجوم نعرے ____:

(a) ماررہا ہے
(b) لگا رہے ہیں
(c) لگارہا ہے ✓
(d) ماررہے ہیں

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

11- کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے:

(a) قوسین
(b) واوین ✓
(c) سکتہ
(d) وقفہ

12- تفصیلیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے:

(a) جواب دینے کے لیے
(b) ٹھہراؤ کے لیے
(c) تفصیل کے لیے ✓
(d) سوال پوچھنے کے لیے

13- سکتہ کہتے ہیں:

(a) سب سے کم ٹھہراؤ کو ✓
(b) سوال پوچھنے کو
(c) فقرے کی تکمیل کو
(d) پکارنے کو

14- ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے:

(a) بھرپور ٹھہراؤ کے لیے
(b) جملہ معترضہ کے لیے
(c) کم ٹھہراؤ کے لیے
(d) پکارنے کے لیے ✓

15- (؛) علامت ہے:

(a) سکتہ کی
(b) وقفہ کی ✓
(c) ختمہ کی
(d) رابطہ کی

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16- آنا:

(a) کسی روز میرے گھر آنا۔
(b) میرے سامنے مت آؤ۔
(c) ذرا اِدھر کو آؤ۔
(d) بچے کو لے آؤ۔ ✓

17- ڈالنا:

(a) اُس نے لیٹر بکس میں خط ڈالا۔
(b) اسلم نے گلاس میں پانی ڈالا۔
(c) بلی نے چوہے کو مار ڈالا۔ ✓
(d) اُس نے سالن میں نمک ڈالا۔

18- لگنا:

(a) مجھے بھوک لگی ہے۔
(b) کشتی کنارے جا لگی۔ ✓
(c) مزدور کے سر میں اینٹ لگی۔
(d) اسلم اچھا لگتا ہے۔

19- رکھنا:

(a) کتابیں سنبھال رکھو۔ ✓
(b) کپڑے الماری میں رکھو۔
(c) روزے رکھنے فرض ہیں۔
(d) کاپی میز پر رکھو۔

20- پڑنا:

(a) وہ فرش پر پڑا رہا۔
(b) بچہ گر پڑا۔ ✓
(c) کاپی میز پر پڑی ہے۔
(d) اسلم نے خط پڑھا۔